## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور جاپان کے قونصلیٹ کے اشتراک سے نذیر حسین اسپتال بلڈ بنک کا قیام
## جاپان کے قونصل جنرل Mr Masaharu Sato نے بلڈ بنک کا افتتاح کیا

کراچی۔۔۔29، اپریل 2011ء

ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور جاپان کے قونصلیٹ کے اشتراک سے نذیر حسین اسپتال بلڈ بینک کا قیام عمل میں لے آیا گیا ہے۔ نذیر حسین اسپتال بلڈ بینک کا افتتاح جاپان کے کراچی میں متعین قونصل جنرل Mr MASAHARU SATO نے کیا۔ اس موقع پر وائس قونصل جنرل Mr. Hikhita بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس جدید بلڈ بنک کی تکمیل ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے ہوئی ہے جو کہ جدید ترین آلات سے مزین ہے۔ بلڈ بنک میں مستحق افراد کو خون کے 95 ٹیسٹ اور اسکریننگ کی مفت سہولیات میسر ہونگی جبکہ بلڈ بنک کو مزید جدید بنا کر یہاں ڈینگی وائرس کے ٹیسٹ کی مفت سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ بلڈ بنک کے افتتاح کے سلسلے میں جمعہ کی شام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 7 میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد، مصطفیٰ کمال، اشفاق منگی، قاسم علی رضا، ڈاکٹر نصرت، گلفر از خان خٹک، آصف صدیقی، کنور خالد یونس، محترمہ نسرین جلیل، یوسف شاہوانی، حق پرست سینیٹرز، وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، برطانوی سفارتکار ڈینئل اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹیز نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب سے جاپان کے قونصلیٹ Mr MASAHARU SATO اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان آصف صدیقی اور محترمہ نسرین جلیل جاپان کے قونصل جنرل اور نائب قونصل جنرل کو گلدستہ پیش کیا اور دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## بلڈ بنک کا قیام جاپانی قونصلیٹ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے درمیان دوستی کی اچھی مثال ہے، قونصل جنرل جاپان
## بلڈ بنک کے قیام پر حکومت جاپان کے شکر گزار ہیں، مصطفیٰ کمال
## نذیر حسین اسپتال بلڈ بنک کے قیام کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔۔اسٹاف رپورٹر

کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل MASAHARU SATO نے کہا ہے کہ نذیر حسین اسپتال بلڈ بنک کا قیام جاپان قونصلیٹ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے درمیان دوستی کی اچھی مثال ہے۔ پاکستان اور جاپان کے درمیان 1952ء سے دوستانہ تعلقات ہیں اور دونوں مما لک کے درمیان دوستانہ تعلقات مزید مستحکم ہونگے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کا جو کام کر رہی ہے وہ قابل تعریف ہے۔ وہ جمعہ کے روز ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں حکومت جاپان کے اشتراک سے قائم ہونے والے ایک نذیر حسین اسپتال بلڈ بنک کی افتتاحی سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال نے بھی خطاب کی۔ اس موقع پر جاپان کے وائس قونصل جنرل Mr Hiktha کے علاوہ برطانیہ کے سفارتکار ڈینئل تارشیش اور حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عہدیداران ورضا کاران بھی موجود تھے۔ جاپان کے قونصل جنرل نے کہا کہ حکومت جاپان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو تقریباً ایک کروڑ روپے مالیت کے 20 آئٹم فراہم کئے ہیں جو خون کے ٹیسٹ اور اسکریننگ کے لئے کارآمد ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مارچ 2011ء میں جاپان میں قیامت خیز سونامی اور زلزلہ آیا تو ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین، ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور ایم کیو ایم وخدمت خلق فاؤنڈیشن کے دیگر رہنماؤں نے حکومت جاپان اور جاپانی عوام سے اظہار تعزیت کرنے کے علاوہ مکمل تعاون بھی کیا جس پر میں جاپانی عوام کی جانب سے ان سے اظہار تشکر کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جاپان پاکستان کو خوشحال اور ترقی کرتا ہوا مستحکم ملک دیکھنا چاہتا ہے اس کیلئے جاپان ہر ممکن مدد وتعاون کریگا۔ قبل ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے جاپان میں آنیوالے سونامی اور اس کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر جاپانی عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن اپنے جاپانی بھائیوں کے ساتھ اس قدرتی آفت میں کھڑا ہے۔ انہوں نے سونامی جیسی کڑی آزمائش کے بعد اپنے ملک اور شہروں کی تعمیر نو کے سلسلے میں جراتمندانہ اقدامات پر حکومت جاپان اور جاپان کے عوام کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ جاپانی عوام قدرتی آفات سے پیش آنے والے مسائل پر بہادری کے ساتھ قابو پا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جاپان کی جانب سے اس بلڈ بنک کا قیام ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے عمل میں آیا ہے اور جاپان کی حکومت نے اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو تقریباً ایک کروڑ روپے فراہم کئے ہیں جس پر میں حکومت جاپان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ حکومت جاپان

نے ہماری اس طرح کی کوئی مدد کی ہو اس سے قبل بھی جاپان کا دست تعاون ہمیں حاصل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ ہیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں انسانیت کی خدمت کا کام سرانجام دے رہی ہے۔ یہ الطاف حسین کی تعلیمات کا ہی نتیجہ ہے کہ ہم اپنے مقاصد میں کامیاب ہو رہے ہیں، انسانیت کی خدمت ہی الطاف حسین کا بنیادی نظریہ ہے۔ الطاف حسین محض سیاست کرنے کے بجائے انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن جیسا ادارہ کسی اور سیاسی جماعت کے پاس نہیں ہے نہ ہی اس طرز کی انسانیت کی خدمت کہیں اور کی جاتی ہے، یہ بلڈ بنک نہ صرف شہریوں کو خون فراہم کریگا بلکہ 95 سے زائد اقسام کے خون کے ٹیسٹ بھی کر سکے گا۔ غریب عوام کو مفت بلڈ فراہم کرنے کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ بہت جلد نذیر حسین بلڈ بنک میں ڈینگی وائرس کے ٹیسٹ کی سہولت بھی فراہم کر دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆